(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

## صحت کی دیکھ بھال

عمومی صحت اور صحت کی دیکھ بھال

**پاکستانیوں کی بھاری اکثریت (85%) سرنج / انجکشن کو کسی دوسرے کے ساتھ شیئر کرنے یا اس کا دوبارہ استعمال کرنے کی مخالفت کرتی ہے۔ تاہم، خطرناک طور پر پاکستانیوں کی 10% شرح نے سرنج کے استعمال کے حوالے سے لاعلمی کا اظہار کیا، جو کہ عوام کی صحت کیلئے خطرہ بن سکتی ہے۔**


**(گیلپ & گیلانی پاکستان)،**

(اسلام آباد)، 03 جنوری، 2025

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، پاکستانیوں کی بھاری اکثریت (85%) سرنج / انجکشن کو کسی دوسرے کے ساتھ شیئر کرنے یا اس کا دوبارہ استعمال کرنے کی مخالفت کرتی ہے۔ تاہم، خطرناک طور پر پاکستانیوں کی 10% شرح نے سرنج کے استعمال کے حوالے سے لاعلمی کا اظہار کیا، جو کہ عوام کی صحت کیلئے خطرہ بن سکتی ہے۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے متفق ہیں یا غیر متفق ہیں؟- سرنج/ انجکشن کو کسی دوسرے کے ساتھ شیئر کیا جاسکتا ہے یا اس کا دوبارہ استعمال کیا جاسکتا ہے؟"**۔ اس سوال کے جواب میں، 10% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس عبارت سے متفق ہیں کہ سرنج/ انجکشن کو کسی دوسرے کے ساتھ شیئر کیا جاسکتا ہے یا اس کا دوبارہ استعمال کیا جاسکتا ہے، جبکہ 85% جوابدہندگان کے مطابق وہ اس عبارت سے غیر متفق ہیں سرنج/ انجکشن کو کسی دوسرے کے ساتھ شیئر نہیں کیا جاسکتا ہے یا اس کا دوبارہ استعمال نہیں کیا جاسکتا ہے، تاہم 5% جوابدہندگان نے اس حوالے سے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔


**"برائے مہربانی بتائیں کہ آپ مندرجہ ذیل عبارتوں سے متفق ہیں یا غیر متفق ہیں؟- سرنج/انجکشن کو کسی دوسرے کے ساتھ شیئر کیا جاسکتا ہے یا اس کا دوبارہ استعمال کیا جاسکتا ہے-؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


GALLUP PAKISTAN

**تعلیم کے اعتبار سے:** 12 سال (ایف اے) سے کم تعلیم حاصل کرنے والے افراد (84%) کی نسبت، 12 سال (ایف اے) سے زائد تعلیم حاصل کرنے والے افراد کی زیادہ شرح (92%) نے سرنج کو آگے شیئر کرنے یا اس کا دوبارہ استعمال کرنے سے انکار کیا۔ تاہم، تشویش ناک طور پر 12 سال (ایف اے) سے کم تعلیم یافتہ افراد کی 11% شرح اور 12 سال (ایف اے) سے زائد تعلیم یافتہ افراد کی 6% شرح سرنج/انجکشن کو کسی دوسرے کے ساتھ شیئر کرنے کو قابل قبول قرار دیتے ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**دیہی-شہری علاقوں کے اعتبار سے:** شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی زیادہ شرح نے سرنج/انجکشن کو شیئر کرنے یا اس کا دوبارہ استعمال کرنے سے انکار کیا (90%)، یہ شرح دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد (83%) کی نسبت 7% زیادہ رہی۔ تاہم، پریشان کن طور پر شہری علاقوں میں رہنے والے افراد کی 11% شرح اور دیہی علاقوں میں رہنے والے افراد کی 9% شرح کا ماننا ہے کہ سرنج/انجکشن کو کسی دوسرے کے ساتھ شیئر کرنے کو قابل قبول ہے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 3048 خواتین اور مرد حضرات سے 30 نومبر 2024 تا 10 دسمبر 2024 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً ±2-3% لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

***Opinion Poll from Gallup Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Friday, 3rd January 2025**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

Daily Gilani Poll
2025

celebrating 45 years of Gallup Pakistan (1980-2025)